# پشاور زلمی نے سپر اوور میں لاہور قلندرز کو شکست دے دی

**لاہور، 21 فروری 2022ء:**

قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلے گئے ایچ بی ایل پی ایس ایل 7 کے آخری لیگ میچ میں پشاور زلمی نے سپر اوور میں لاہور قلندرز کو شکست دے دی۔ فاتح ٹیم نے ایک اوور میں چھ رنز کا ہدف بغیر کوئی وکٹ گنوائے دوسری گیند پر حاصل کرلیا۔ لاہور قلندرز نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے سپر اوور میں بغیر کسی نقصان کے پانچ رنز اسکور کیے تھے۔

اس سے قبل ایچ بی ایل پی ایس ایل 7 کے تیسویں میچ میں لاہور قلندرز نے شاہین شاہ آفریدی کی شاندار بلے بازی کی بدولت پشاور زلمی کے خلاف میچ برابر کردیا تھا۔ شاہین شاہ آفریدی نے میچ کے آخری اوور میں 23 رنز اسکور کرکے میچ برابر کیا تھا۔

اس میچ شکست کے باوجود لاہور قلندرز کی ٹیم ایچ بی ایل پی ایس ایل 7 کے پہلے کوالیفائر میں ملتان سلطانز کے مدمقابل آئے گی۔ دونوں ٹیموں کے مابین مقابلہ 23 فروری بروز بدھ کو قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلا جائے گا۔ پشاور زلمی کی ٹیم ایونٹ کے پہلے ایلیمنیٹر میں 24 فروری بروز جمعرات کو اسلام آباد یونائیٹڈ کے مدمقابل آئے گی۔

مطلوبہ ہدف کے تعاقب میں لاہور قلندرز کے ان فارم بیٹر اور ٹورنامنٹ میں چھ نصف سنچریاں اسکور کرنے والے اوپنر فخر زمان اننگز کی پہلی گیند پر کھاتہ کھولے بغیر پویلین واپس لوٹے تو ان کی ٹیم دباؤ کا شکار ہوگئی اور محمد حفیظ کے علاوہ ان کا کوئی بھی کھلاڑی زیادہ دیر کریز پر نہ ٹھہر سکا۔ تجربہ کار بیٹر بھی 44 گیندوں پر 49 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔

لاہور قلندرز کو جیت کے لیے آخری 12 گیندوں پر 30 رنز درکار تھے تاہم وہاب ریاض نے اننگز کے انیسویں اوور کی پہلی گیند پر سیٹ بیٹر محمد حفیظ اور نئے آنے والے بیٹر حارث رؤف کی وکٹیں حاصل کرنے کے علاوہ صرف چھ رنز دے کر میچ میں پشاور زلمی کی گرفت مزید مضبوط کردی تاہم شاہین شاہ آفریدی نے میچ کے آخری اوور میں محمد عمر کو ایک چوکا اور تین چھکے لگا کر اسکور برابر کردیا۔

فاسٹ باؤلرز وہاب ریاض اور ارشد اقبال نے دو دو وکٹیں حاصل کیں۔ شعیب ملک، عماد بٹ، محمد عمر اور خالد عثمان نے ایک ایک کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔

پشاور زلمی کے کپتان وہاب ریاض نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 158 رنز بنائے تھے۔ ان فارم اوپنر محمد حارث کے 6 کے انفرادی اسکور پر آؤٹ ہونے کے بعد حضرت اللہ ززائی نے کامران اکمل کے ہمراہ 36 رنز کی شراکت قائم کرکے مزاحمت کی کوشش کی تاہم وہ بھی 20 اسکور بنا کر آؤٹ ہوگئے۔ کامران اکمل نے 18 رنز اسکور کیے۔

اس کے بعد تجربہ کار بیٹر شعیب ملک نے نوجوان کرکٹر حیدر علی کے ہمراہ 60 رنز کی پارٹنر شپ قائم کی۔ یہ پشاور زلمی کی اننگز کی سب سے لمبی پارٹنر شپ تھی۔ شعیب ملک 32 رنز بنا کر پشاور زلمی کے سب سے نمایاں بیٹر رہے۔ حیدر علی نے 25 رنز اسکور کیے۔ اختتامی اوورز میں خالد عثمان 19 اور حسین طلعت 17 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔

فواد احمد نے 26 رنز کے 2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ محمد حفیظ، ڈیوڈ ویزے، حارث رؤف اور شاہین شاہ آفریدی نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔

– ENDS –

Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Assistant Manager
Media and Communications

www.psl-t20.com
@thePSLt20
@thePSL
PakistanSuperLeague
@thepsl

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4